رول نمبر SG ..................

دستخط امیدوار ..................

پرچہ (I)

کل نمبر 20

اس سوالیہ پرچہ میں کسی جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔

اردو لازمی (معروضی) (گروپ پہلا) (سیشن 20-2018 to 17-2015)

وقت 20 منٹ

**PAPER CODE 2025**

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ ایک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | زہراوی سرجری میں ______ راہیں دریافت کرتا تھا | نیا نیا | نئیں نئیں | نئی نئی | نئے نئے |
| 2 | ہجوم بے تحاشا نعرے لگا ______ | رہا تھا | رہی تھیں | رہی تھی | رہے تھے |
| 3 | خدا کی محبت کا اہل بننے کے لیے ہر مذہب نے ایک ہی بتائی ہے۔ | تقدیر | تقریر | تحریر | تدبیر |
| 4 | شخصی محنت، شخصی عزت، شخصی ایمانداری اور شخصی ہمدردی مجموعہ ہے۔ | قومی عروج کا | قومی خوش حالی کا | قومی ترقی کا | قومی برتری کا |
| 5 | حضرت قمر کو کیا مانگنے پر غصہ آ گیا؟ | کارڈ | موبائل | پیسے | رشوت |
| 6 | اچھن کی ماں کو مرے ہوئے کون سا سال تھا؟ | پہلا | دوسرا | تیسرا | چوتھا |
| 7 | غالب صاحب فراش ہوتے ہوئے بھی مسودات کس طرح دیکھتے تھے؟ | کھڑے کھڑے | چلتے پھرتے | بیٹھے بیٹھے | لیٹے لیٹے |
| 8 | ''وہ دیکھو! رستم آ رہا ہے۔'' اس جملے میں رستم کیا ہے؟ | مستعار لہ | مستعار منہ | وجہ جامع | مشبہ |
| 9 | تلمیح ہے۔ | شیر کی طرح | ید بیضا | سروقد | پھول ہیں صحرا میں |
| 10 | حرف تشبیہ کی نشان دہی کیجئے۔ | اگر | مگر | گویا | چونکہ |
| 11 | ''گنج قاروں'' کیا ہے؟ | تلمیح | تشبیہ | استعارہ | حرف تشبیہ |
| 12 | پھول ہیں صحرا میں یا پریاں قطار اندر قطار<br>اودے اودے، نیلے نیلے، پیلے پیلے پیرہن اس شعر میں ''یا'' کیا ہے؟ | مشبہ | مشبہ بہ | وجہ شبہ | حرف تشبیہ |
| 13 | غزل کے اشعار کے آخر میں ایک جیسے بار بار دہرائے جانے والے الفاظ کہلاتے ہیں۔ | قافیہ | مقطع | ردیف | مطلع |
| 14 | رسم جفا کامیاب، دیکھیے کب تک رہے<br>حب وطن مست خواب، دیکھیے کب تک رہے اس شعر میں قوافی ہیں۔ | رسم جفا | کامیاب، خواب | کب تک رہے | دیکھیے کب تک رہے |
| 15 | شعری اصطلاح میں ہم وزن اور ہم آواز الفاظ کہلاتے ہیں۔ | ردیف | قافیہ | مقطع | مطلع |
| 16 | مطلع کے لغوی معنی ہیں۔ | ختم ہونے کی جگہ | طلوع ہونے کی جگہ | غروب ہونے کی جگہ | مکمل ہونے کی جگہ |
| 17 | مقطع کس زبان کا لفظ ہے۔ | فارسی | عربی | ترکی | سنسکرت |
| 18 | اس دنیا ______ بنیاد اختلاف عمل پر ہے۔ | کے | کا | کی | کیں |
| 19 | اردو میں لاکھوں کتابیں لکھی جا ______ | چکیں تھی | چکی تھی | چکی تھیں | چکیں تھیں |
| 20 | اس نقطہ ______ املا درست نہیں | کا | کی | کے | کیں |



SG12P1-11-19

Group-I

ParhloPakistan.com

1119 انٹر پارٹ (I)

اردو لازمی (انشائیہ) (گروپ پہلا)

وقت: 2.40 گھنٹے

وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

(سیشن 2015-17 تا 2018-20)

پرچہ (I)

کل نمبر 80

حصہ ———————— اول

2۔(ا) درج ذیل اشعار کی تشریح نظم کا عنوان اور شاعر کا نام لکھیے۔ 10

کوئی دن جاتا ہے پیدا ہوگی اک دنیا نئی × خونِ مسلم صرفِ تعمیرِ جہاں ہوجائے گا

بجلیاں غیرت کی تڑپیں گی فضائے قدس میں × حق عیاں ہوجائے گا، باطل نہاں ہوجائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10

پیام بر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا × زبانِ غیر سے کیا شرحِ آرزو کرتے

مری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ × کسی حبیب کی، یہ بھی ہیں جستجو کرتے

ہمیشہ میں نے گریباں کو چاک چاک کیا × تمام عمر رفوگر رہے، رفو کرتے

حصہ ———————— دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ 15

(ا) ظرافت اور خوش طبعی ان کی جبلت میں داخل تھی۔ مگر جس طرح ان کی اور باتوں میں بناوٹ نہ تھی اسی طرح ظرافت اور خوش طبعی میں مطلق تصنع نہ تھا۔ تحریر میں، تقریر میں، بات چیت میں جو لطیفہ یا شوخی ان کو سوجھ جاتی تھی اگرچہ کیسی ہی شرم و حجاب کی بات ہو ان سے ضبط نہ ہو سکتی تھی مگر ہر ایک امر کے بیان کرنے کا خدا نے ایسا سلیقہ دیا تھا کہ کوئی بات تہذیب کی حد سے متجاوز نہ ہونے پاتی تھی۔

(ب) ہم سوچتے ہیں کہ کہیں ایسا نہ ہو مشرق ہاتھ میں رہے نہ مغرب۔ کیا عجب سندباد کی طرح کسی نادیدہ جزیرے میں جانکلیں جہاں کسی پیرِ تسمہ پا سے مڈبھیڑ کا بھی اتنا ہی خطرہ ہے جتنا کسی شہزادی مہر افروز کے ہم پر جان سے عاشق ہونے کا۔ بلکہ پہلا امکان کچھ زیادہ ہی ہے۔ تاہم دوستو! اب کیا ہو سکتا ہے۔ اب تو ہم دنیا کے گول ہونے کا ثبوت لینے کو چل دیے۔ گھر سے نکل پڑے جیسے حاتم طائی منیر شامی کی محبوبہ کی فرمائش پر انڈے کے برابر موتی اور کوہ ندا کی تلاش میں نکل گیا تھا۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10

(i) دوستی کا پھل (ii) اسوۂ حسنہ ﷺ

5۔ مست توکلی کی نظم "وحدانیت" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ دو دوستوں کے درمیان "انٹرنیٹ کے فوائد اور نقصانات" پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

............ یا ............ کالج میں ہونے والی سالانہ کھیلوں کی اختتامی تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔

7۔ پرنسپل کے نام کریکٹر سرٹیفکیٹ کے حصول کی درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے۔ مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 2+8=10

ایک دن صحابہ کرامؓ نے ایک مضبوط اور تنومند نوجوان کو دیکھا جو علی الصباح تلاشِ معاش میں گھر سے نکلا تھا۔ اس کا صحت مند اور سڈول جسم دیکھ کر صحابہ کرام اش اش کر اٹھے اور بلا تامل ان کے منہ سے نکلا: "کیا ہی اچھا ہوتا اگر اس نوجوان کی قوت اور پھرتی اللہ کی راہ میں صرف ہوتی"۔ رسولِ خدا ﷺ نے جب یہ الفاظ سنے تو اپنے صحابہ کو مخاطب کر کے فرمایا: "ایسا نہ کہو کیوں کہ اگر وہ مانگنے سے بچنے اور لوگوں کا محتاج نہ ہونے کے لیے محنت مشقت کرتا ہے تو یہ بھی خدا کی راہ میں ہے اور اگر اپنے ضعیف ماں باپ یا اہل و عیال کی پرورش کے لیے محنت کرتا ہے تو وہ بھی خدا کی راہ میں ہے"۔



ParhloPakistan.com